میں دیا گیا ہے۔

حرمتِ متعہ از شیخ الحدیث مولانا محمد علی جانباز۔ صدر مدرس، جامعہ ابراہیمیہ۔ ناصر روڈ سیالکوٹ۔ ناشر: جامعہ ابراہیمیہ کا شعبۂ نشر و اشاعت۔ قیمت: ۱۲/- روپے

متعہ کے متعلق ایک سوال کا جواب جناب مؤلف کی طرف سے الاعتصام میں شائع ہوا۔ پھر اس پر اہلِ تشیع کے حلقے سے مزید بحث جوازِ متعہ پر اٹھائی گئی۔ اس کا مدلل و مفصل جواب اس کتاب میں دیا گیا ہے۔ بحث کا انداز عالمانہ ہے۔

THE QURAN...... مؤلف: مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ۔ انگریزی ترجمہ از ابو اسد۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی۔ ملنے کا پتہ: البدر پبلیکیشنز ۲۳۔ راحت مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور۔ قیمت: ۶/- روپے

کتاب کا پورا نام (THE QURAN DIVINE REVELATION OR FORGERY ?) یعنی قرآن خدائی وحی ہے یا انسانی تصنیف؟ مقصد دراصل مشرکینِ مکہ کے اس باطل خیال کی تردید ہے کہ قرآن (نعوذ باللہ) منزل من اللہ نہیں بلکہ داعیٔ قرآن (صلی اللہ علیہ وسلم) کا من گھڑت ہے۔ اس کے جواب میں مولانا مودودیؒ نے خود قرآن کی طرف سے دیئے گئے دلائل کو اپنے حسنِ بیان کے ساتھ پیش کیا ہے۔ یہ بحث دراصل "سیرتِ سرورِ عالم" حصہ دوم کے باب ۶ کی فصل ۳ سے اخذ کردہ ہے۔

ماہنامہ "اخبارِ اردو" مدیر مسئول میجر آفتاب حسن۔ مدیر اعزازی ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ ناشر: مقتدرہ قومی زبان۔ ۴۔۳ ڈی، بلاک ۷، گلشنِ اقبال، کراچی ۴۷۔ قیمت بہت ارزاں ہے یعنی ایک روپیہ فی شمارہ اور دس روپے سالانہ۔

مقتدرہ قومی زبان کا مقصد انگریزی کے بجائے اردو زبان کو عدالتی، دفتری، پارلیمانی، کاروباری اور تعلیمی ہر دائرے میں قومی زبان کی حیثیت عملاً دلوانا ہے۔ یہی مقصد اخبارِ اردو کا بھی ہے۔ مسرت کا مقام ہے کہ اخبارِ اردو کو اعلیٰ درجے کے مفکرین کی تائید اور اچھا لکھنے والوں کا تعاون حاصل